Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۳ ذیقعدہ سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۹ جولائی سنہ ۱۹۲۳ء	جلد ۲۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	منتقلی تنخواہ چندی سہائے جنگ رد تقرر الاونس باقی۔	۱ و ۲
۲	اضافہ صاحب سکرٹری بہادر رخصت در حرفت تجارت۔	۲
۳	رخصت اسپیشل مجسٹریٹ صاحب درجہ دوم	″
۴	بابت تصفیہ مقدمات فرم جوگل کشور و بلدیو سہائے۔	″
۵	نقشہ حیات ممات نقشہ بارش نقشہ خزانہ ذاتی	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳۰ جون سنہ ۱۹۲۳ء

بذریعہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر دربارہ انتقال تنخواہ چندی سہائے پیشکار الحضور چالیس روپیہ از صیغہ ذات خاص در توشہ خانہ باتفاق رائے صاحب سکرٹری بہادر انہار و تقرر پانچ روپیہ ماہوار الاونس عبدالجلیل ناظر اجلاس پرائیوٹ آفس بصلہ انجام دہی کام جنرل اسیاہہ وارجہ جو چندی سہائے کے متعلق تھا۔

حسب رپورٹ صاحب سکرٹری بہادر انہار و اتفاق رائے صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

سے چندی سہائے پیشکار کی تنخواہ چالیس روپیہ صیغہ ذات سے صیغہ توشہ خانہ کو منتقل کر دیجائے ۔ نامبردہ توشہ خانہ جواہر خانہ و عطر خانہ کے پیشی کا کام انجام دے صیغہ ذات خاص کا کام دیگر پیشکاران کو تقسیم کر دیا گیا ہے جیل سیاہہ اور اوراق جو چندی سہائے کے متعلق تھا وہ اب عبدالجلیل ناظر کے متعلق کیا جائے ۔ اور حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر اس خدمت کا پانچ روپیہ ماہوار الاونس عبدالجلیل ناظر کو دیا جائے ۔ یکم جولائی سنہ ۱۹۲۳ء سے اسکا عملدرآمد کیا جائے ۔ حسب صراحت احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲ جولائی سنہ ۱۹۲۳ء

ذریعہ روبکار مورخہ ۱۲ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء منظور کیا گیا ہو کہ خان بہادر سید جمیل احمد صاحب سکریٹری صنعت و حرفت و تجارت کو بموجب نائم اسکیل پر وظیفہ سروس سالانہ ترقی ملتی رہیگی ۔ اب انکی عرضداشت مورخہ ۳ جون سنہ ۱۹۲۳ء سے معلوم ہوا کہ گورنمنٹ میں انکو یکم مئی سنہ ۱۹۲۳ء سے تیس روپیہ ماہوار اضافہ ملا ہے ۔ یہی اضافہ انکو ریاست کی تنخواہ میں یکم مئی سنہ ۱۹۲۳ء سے منظور کیا جاتا ہے ۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۳ جولائی سنہ ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر ۔ دو مہینے کی رخصت سید اعجاز علی صاحب اسپشل مجسٹریٹ درجہ دوم کی منظور فرمائی گئی ۔ اور بجائے اُنکے سید ناظر الحسن صاحب رجسٹرار بلگرامی اسپشل مجسٹریٹ درجہ دوم مقرر ہوئے ۔ تنخواہ وہی اپنی پائینگے جو حیثیت افسری انکو ملتی ہے ۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲۵ جون سنہ ۱۹۲۳ء

حسب الحکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم حسب ذیل احکام جاری کئے جاتے ہیں

۱ - منشی رشاد الله خانصاحب جج خفیفہ علاوہ اُن خدمات کے جو انجام دے رہے ہیں واسطے تصفیہ مقدمات ابتدائی دیوانی کے جو منجانب فرم جوگل کشور بدیو سہائے یا شرکاء فرم مذکور واقع کانپور بنام مزارعان رامپور کے دائر ہوں اسپشل جج مقرر کئے جاتے ہیں ۔ عام اس سے کہ مقدمات کسی تعداد مالیت کے ہونگے بحیثیت اسپشل جج منشی ارشاد الله خانصاحب کے اجلاس میں دائر ہو کر حسب ضابطہ طے ہونگے ۔

۲ - جو مقدمات فرم مذکور یا شرکاء فرم مذکور کے اسوقت عدالت مفتی صاحب دیوانی یا عدالت ڈسٹرکٹ ججی میں دائر ہوں وہ بھی باجلاس منشی ارشاد الله خانصاحب اسپشل جج منتقل کر دیئے جائیں ۔ صاحب موصوف کے اجلاس سے باختیارات مذکورہ بالا انکا فیصلہ بھی صادر ہوگا ۔

۳ - فرم مذکور یا شرکاء فرم مذکور کو جو نالشات دائر کرنا ہوں وہ تاریخ درج گزٹ ہونے روبکار ہذا سے اندر ڈیڑھ ماہ کے دائر کرلیجائیں ۔ بعد انقضائے میعاد مذکور کوئی ایسی نالش اسپشل جج صاحب موصوف کے اجلاس میں دائر نہ ہوگی ۔

۴ - جو ڈگریات کہ اجلاس صاحب اسپشل جج موصوف سے صادر ہونگے انکا اجرا بھی اُنہیں کے اجلاس سے عمل میں آئیگا ۔

۵ - عدالت اسپشل ججی مذکور کی حیثیت بجنسہ مثل عدالت ڈسٹرکٹ ججی کے ہوگی اور اسی اعتبار سے اپیل و نگرانی وغیرہ کی کارروائی ہوسکیگی ۔ صرف اسقدر فرق ہوگا کہ اس عدالت کے لئے مالیت نالشات کی کوئی حد معین نہ ہوگی ۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل درج گزٹ ہو ۔ سررشتہ دار صاحب شرکاء فرم کو ... جو شخص رامپور میں ہو اسکو بلا کر بتعمیل روبکار ہذا اطلاع یابی کرالیں ۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدا یکم جولائی سنہ ۱۹۲۳ء لغایتہ ۶؍ جولائی سنہ ۱۹۲۳ء

تاریخ و دن	صدر والیہ: تعداد انچ	صدر والیہ: سینٹ	تحصیل بلاسپور: تعداد انچ	تحصیل بلاسپور: سینٹ	تحصیل سوار: تعداد انچ	تحصیل سوار: سینٹ	تحصیل شاہ آباد: تعداد انچ	تحصیل شاہ آباد: سینٹ	تحصیل ملک: تعداد انچ	تحصیل ملک: سینٹ	تحصیل ٹانڈہ: تعداد انچ	تحصیل ٹانڈہ: سینٹ
یکم جولائی سنہ ۱۹۲۳ء یوم یکشنبہ	۰	½	۰	۲	۰	۳	۰	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۱	۰
۲؍ جولائی سنہ ۱۹۲۳ء یوم دوشنبہ	۲	۲ ½	۱۰	۲۳	۳	۱	۰	۰	رر	۰	۸	۰
۳؍ جولائی سنہ ۱۹۲۳ء یوم سہ شنبہ	۰	۲ ½	۳	۲۶	۹	۱۰	۰	۰	۰	۰	۰	۸
۴؍ جولائی سنہ ۱۹۲۳ء یوم چہار شنبہ	۰	۲ ½	۰	۲۶	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا	۰
۵؍ جولائی سنہ ۱۹۲۳ء یوم پنجشنبہ	۰	۲ ½	۰	۲۶	رر	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	رر	۰
۶؍ جولائی سنہ ۱۹۲۳ء یوم جمعہ	۲	۴ ½	نقشہ نہیں آیا	۰	رر	۰	رر	۰	رر	۰	رر	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲؍ لغایت ۸؍ جولائی سنہ ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰۷ ار	۷ ار	۱۰۵ ار	۱۰۷ ار		۷ ار	سوار سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود [illegible]	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۷ ار	۱۳ ار		۱۳ ار	
نخود [illegible] آمیز	۱۳ ار	۱۶ ار	۰	۱۷ ار		۱۵ ار	
[illegible]	۱۶ ار	۱۰-۱۶ ار	۱۹ ار	۱۸ ار		۱۶ ار	
باسمتی	۹ ار	۱۰۷ ار	۰	۷ ار		۱۰۷ ار	
مونگ	۸ ار	۰	۰	۰		۸ ار	
مکا	۰	۰	۰	۰		۰	
جئی	۱۹ ار	۱۶ ار	۱۸ ار	۲۲ ار		۱۶ ار	
[illegible]	۱۳ ار	۱۳ ار	۱۵ ار	۰		۱۱ ار	
[illegible]	۱۳ ار	۰	۱۳ ار	۱۲ ار		۱۲ ار	
ارہر	۹ ار	۱۲ ار	۰	۰		۱۳ ار	
برنج	۳ ار	۳ ار	۳ ار	۱۰۳ ار		۱۰۳ ار	
روغن زرد	۶ چھٹانک	۶ چھٹانک	۵ چھٹانک	۱۰ ار		۱۰ ار	
روغن سیاہ	۱۰ ار	۱۱ ار	۱۱ ار	۱۱ ار		۲ ار	
روغن [illegible]	۵ ار	۱ ار	۰	۵ ار		۱ ار	
نمک سانبھر	۵ ار	۱۰۷ ار	۸ ار	۱۰۶ ار		۷ ار	
نمک لاہوری	۶ ار	۶ ار	۶ ار	۵ ار		۶ ار	
قند سیاہ	۳ ار	۳ ار	۳ ار	۱۰۳ ار		۳ ار	
باجرہ	۰	۰	۰	۰		۰	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور - ماہواری - اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی																	ارقام نمبر ۱۰ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۶ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض								
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	دیگر درندہ جانوران کے کاٹنے سے	طاعون		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۵	۹	۲۷	۱	۶۲	۵۲	۱۰	۸	۶	۱	۳	۲۰	۱۹	۲۹	۲۵	۴۳	۱۱	۰	۰	۰	۵۴	۰	۰	۰	۵۴	
گنج	۱۲	۱	۶	۰	۱۹	۱۸	۱	۵	۳	۰	۰	۲۲	۱۰	۲۷	۱۳	۳۳	۶	۰	۰	۰	۴۰	۰	۰	۰	۴۰	
حوالیٔ شہر	۳	۸	۴	۷	۲۲	۴	۱۸	۳	۰	۰	۱	۸	۳	۱۱	۴	۴	۱۱	۰	۰	۱۵	۰	۰	۰	۰	۱۵	
عظیم نگر	۴۳	۳۴	۳۸	۲۳	۱۳۸	۸۱	۵۷	۴	۶	۲	۳	۲۴	۱۹	۳۰	۲۸	۲۸	۳۰	۰	۰	۰	۵۸	۰	۰	۰	۵۸	
شاہ آباد	۱۲	۲۲	۱۰	۳۴	۷۸	۲۲	۵۶	۶	۱	۰	۰	۱۵	۱۲	۲۱	۱۳	۱۷	۱۷	۰	۰	۰	۳۴	۰	۰	۰	۳۴	
پٹوائی	۹	۴۸	۱۰	۴۱	۱۰۸	۱۹	۸۹	۶	۲	۳	۰	۲۰	۱۴	۲۹	۱۶	۱۳	۳۲	۰	۰	۰	۴۵	۰	۰	۰	۴۵	
ملک	۱۲	۴۶	۹	۴۵	۱۱۲	۲۱	۹۱	۳	۵	۳	۳	۳۰	۲۳	۳۶	۳۰	۱۶	۵۰	۰	۰	۰	۶۵	۱	۰	۰	۶۶	
بلاسپور	۱۱	۱۱	۶	۱۰	۳۸	۱۶	۲۱	۰	۳	۲	۱	۲۴	۱۱	۲۶	۱۴	۲۳	۱۷	۰	۰	۰	۴۰	۰	۰	۰	۴۰	
کیمری	۶	۲۶	۴	۱۱	۴۸	۱۰	۳۸	۱	۰	۰	۱	۱۸	۴	۱۹	۵	۶	۱۸	۰	۰	۰	۲۳	۱	۰	۰	۲۴	
سوار	۳۶	۲۰	۱۰	۱۴	۸۰	۴۶	۳۴	۸	۹	۴	۵	۳۱	۱۰	۴۳	۲۴	۳۳	۳۴	۰	۰	۰	۷۶	۰	۰	۰	۷۶	
ٹانڈہ	۲۳	۳۰	۱۸	۲۱	۹۳	۴۲	۵۱	۳	۲	۴	۱	۳۲	۹	۲۹	۱۲	۱۹	۲۲	۰	۲	۳۹	۰	۰	۰	۰	۴۱	
میزان	۱۹۴	۲۵۵	۱۳۴	۲۰۷	۶۹۸	۳۳۳	۳۶۵	۴۶	۳۶	۱۹	۱۷	۲۳۲	۱۳۱	۳۰۰	۱۹۴	۲۳۵	۲۳۹	۰	۲	۵۴	۴۳۷	۲	۰	۰	۴۹۴	